130919 ـ قبروں پر تعمیرات قائم کرنا حرام ہے۔

سوال

سوال: قبروں پر تعمیرات قائم کرنے کا کیا حکم ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

قبروں پر تعمیرات قائم کرنا حرام ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے، کیونکہ اس طرح قبر میں دفن اشخاص کی تعظیم ہوتی ہے، اور اسی طرح یہ عمل غیر اللہ کی عبادت یعنی قبروں کی پوجا کا بھی ذریعہ ہے ، جیسے کہ یہ بات قبروں پر بنائی گئی بہت سی تعمیرات میں ہو رہا ہے، کہ لوگ ان قبروں میں مدفون لوگوں کو اللہ کے برابر شریک بنانے لگے ہیں، اور ان سے اپنی حاجت روائی طلب کرتے ہیں ۔

حالانکہ قبروں میں مدفون لوگوں سے دعا مانگنا، اپنی مشکل کشائی کیلئے ان سے مدد طلب کرنا، شرک اکبر ہے، اور اسلام سے مرتد ہونے کا موجب ہے۔ اللہ ہی ہماری مدد فر مائے" انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ

"فتاوى العقيدة" (صفحہ: 26)

مزید کیلئے آپ سوال نمبر(83133) کا جواب ملاحظہ فرمائیں۔.